Education
Centre for Education
Statistics & Evaluation

Urdu

Tell Them From Me parent survey

میری طرف سے یہ بتائیں والدین کا سروے

Frequently Asked Questions (parents and carers)

اکثر پوچھے جانے والے سوالات (والدین اور نگران)

تعلیمی شماریات و جائزہ کا مرکز (CESE)

1. پارٹنرز ان لرننگ والدین کا سروے کیا ہے؟

پارٹنرز ان لرننگ (Partners in Learning) والدین کا سروے *میری طرف سے یہ بتائیں (Tell Them From Me)* طالبعلموں کی مشغولیت کے سروے پیکیج کا حصہ ہے۔ والدین کا سروے والدین اور سکول کے بیچ اہم رشتے کو واضح اور مضبوط بنانے میں مدد دیتا ہے۔

یہ سروے سکول کی سطح اور سسٹم کی سطح پر والدین کے نقطۂ نظر سے آگہی کو ماپنے، جانچنے اور رپورٹ کرنے کیلئے تشکیل دیا گیا ہے۔ اس نیو ساؤتھ ویلز سروے کا مرکز نگاہ طالبعلموں کی فلاح، مشغولیت اور مؤثر تعلیمی معمولات ہیں۔

2. سروے میں کس طرح کے سوالات پوچھے جائیں گے؟

سروے کے سوالات کا مقصد سکول میں بچے کے تجربے، بشمول تدریس، کمیونیکیشن اور سیکھنے اور رویّے کے سلسلے میں سکول کی مدد، کے بارے میں والدین کے نقطۂ نگاہ کو سمجھنا ہے۔ سروے کا مقصد بچے کے سیکھنے سے تعلق رکھنے والی سرگرمیوں اور گھر میں معمولات پر والدین کے نقطۂ نظر کو سمجھنا بھی ہے۔

یہ سروے والدین سے اس بارے میں پوچھے گا کہ آیا:

والدین کو لگتا ہے ان کا خیرمقدم کیا جاتا ہے	والدین کو معلومات حاصل ہیں	والدین بچے کے سیکھنے کیلئے گھر پر مدد دیتے ہیں
سکول مثبت رویّے کی حمایت کرتا ہے	حفاظت	سب کو شامل کرنا
بات چیت اور رابطے کیلئے ترجیحات	سکول میں والدین کی شرکت	سکول سیکھنے میں مدد کرتا ہے

3. اس میں شریک ہونے کیلئے سکولوں کو کس طرح چنا گیا ہے؟

اس سروے میں نیو ساؤتھ ویلز کے تمام سکول مفت شریک ہو سکتے ہیں۔ آپ کے سکول نے شریک ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔

4. اس سروے میں شرکت سے میرے بچے کے سکول کو کس طرح فائدہ پہنچے گا؟

والدین کا سروے سکولوں کے پرنسپلوں اور سربراہوں کو اپنے سکول کے بارے میں والدین کے خیالات کے ساتھ ساتھ ،گھر پر سیکھنے کے بارے میں والدین کے خیالات بھی فراہم کرتا ہے۔ والدین اور عملے کے بیچ بات چیت، گھر میں سرگرمیاں اور معمولات، اور سیکھنے اور رویّے کے سلسلے میں سکول کی مدد کے بارے میں والدین کی آراء سے ایک درست اور بروقت تصویر حاصل ہوتی ہے جسے سکول عملی بہتریاں لانے کیلئے استعمال کر سکتا ہے۔

سروے کے جوابات سے حاصل شدہ ڈاٹا کو جلد ہی سکولوں کے سربراہوں کیلئے رپورٹوں میں درج کر دیا جاتا ہے۔ پرنسپل پھر ان معلومات کو ابھرتے ہوئے مسائل کی نشاندہی کرنے اور سکول کی بہتری کی منصوبہ بندی میں مدد کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔

5. والدین کے سروے اور طالبعلموں کے سروے کا آپس میں کیا تعلق ہے؟

والدین کا سروے، طالبلعموں کے سروے *Tell Them From Me* کے ساتھ ساتھ کیا جا رہا ہے جسے مکمل کرنے کیلئے شاید آپ کے بچے کو کہا گیا ہو۔ یہ سروے (اساتذہ کے سروے کے ساتھ ساتھ) یہ یقینی بنانے کیلئے پیش کیے جا رہے ہیں کہ سکولوں کو طالبعلموں، اساتذہ اور والدین کے خیالات کا علم ہو سکے۔

ہر سروے کے بارے میں مزید تفصیل جاننے کیلئے سروے ویب سائیٹ دیکھیں:
http://surveys.cese.nsw.gov.au/

6. سروے میں شرکت کیلئے مجھے کیا کرنا ہو گا؟

سروے میں بالعموم 15 منٹ لگتے ہیں اور یہ مکمل طور پر ایک محفوظ ویب سائیٹ کے ذریعے آن لائن ہوتا ہے جسے سروے بنانے والی کمپنی *The Learning Bar.*چلاتی ہے۔ آپ ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر، لیپ ٹاپ، آئی پیڈ، ٹیبلٹ اور سمارٹ فون پر یہ سروے مکمل کر سکتے ہیں۔ آپ کو گھر میں سروے مکمل کرنے کیلئے ایک لنک فراہم کیا جائے گا یا آپ کا سکول کمپیوٹر مہیا کر سکتا ہے تاکہ آپ سکول کے اوقات میں سروے مکمل کر سکیں۔ آپ کا سکول ٹرم 3 کے دوران آپ کو لنک بھیجے گا۔

7. کیا میرا شریک ہونا ضروری ہے؟

نہیں، سروے میں شرکت آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔ اگرچہ آپ کے جوابات دینے پر ہم بہت شکرگزار ہوں گے، اگر سروے کے دوران آپ کو ٹھیک محسوس نہ ہو تو آپ کسی بھی وقت سروے روک سکتے ہیں۔ سروے کے اکثر سوالات ایسے ہیں کہ انہیں چھوڑ کر آگے بڑھا جا سکتا ہے۔

8. کیا سکول میرے جوابات کے ذریعے مجھے یا میرے بچے کو پہچان سکے گا؟

والدین کے جوابات سے سکول کا عملہ کسی ماں، باپ یا طالبعلم کو نہیں پہچان سکے گا۔ جب پانچ سے کم افراد سروے کا جواب دیں تو سکول کے رپورٹنگ کے ذرائع پر ڈاٹا کو چھپانے والے اصولوں کا اطلاق ہوتا ہے ۔

9. سروے کے ڈاٹا کا کس قسم کا تجزیہ کیا جائے گا؟

سروے مکمل ہو جانے کے بعد رپورٹیں تیار کی جاتی ہیں اور اکثر صورتوں میں تین دفتری ایام کے اندر یہ رپورٹیں سکولوں کیلئے دستیاب ہو جاتی ہیں۔ سکولوں کے سربراہ ڈاٹا کو اپنے سکول میں والدین کے تجربات اور خیالات کو بہتر طور پر سمجھ پانے کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔

تعلیمی شماریات و جائزہ کے مرکز (Centre for Education Statistics and Evaluation (CESE)), کے ذریعے نیو ساؤتھ ویلز ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن پوری سٹیٹ کی سطح پر سروے کے ڈاٹا کا تجزیہ کرے گا، اس تجزیے میں ڈیپارٹمنٹ کی تحویل میں طالبعلموں کے موجودہ ڈاٹا کے ساتھ ساتھ کارکردگی کا ڈاٹا بھی شامل ہو گا۔ نتائج سے تمام سکولوں کو والدین اور طالبعلموں کی مشغولیت، طالبعلموں کی فلاح، مؤثر تعلیم اور طالبعلموں کے سیکھنے کے بیچ تعلق کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد ملے گی۔

اس ڈاٹا پر CESE کے تجزیے کے نتائج سے اساتذہ اور پرنسپلوں کو یہ بات چیت کرنے میں بھی مدد ملے گی کہ طالبعلموں کے نتائج بہتر بنانے کیلئے کیا کارآمد ہے۔ یہ معیاری تدریس اور رہنمائی پر ڈیپارٹمنٹ کی مسلسل توجہ میں معاون ہے۔ ڈاٹا کو آئندہ تجزیے کیلئے محفوظ رکھا جائے گا تاکہ ہمیں وقت کے ساتھ ساتھ طالبعلموں کی مشغولیت اور فلاح کی نوعیت کو سمجھنے میں مدد ملے۔

10. پارٹنرز ان لرننگ سروے کب ہو گا؟

تمام شریک سکولوں میں یہ سروے ٹرم 3 کے وسط میں اور ٹرم 4 کے پہلے چند ہفتوں میں انجام پائیں گے۔ بالعموم ٹرم 3 کے ہفتہ 6 سے لے کر ٹرم 4 کے ہفتہ 2 تک۔

CESE کیا ہے؟

تعلیمی شماریات و جائزہ کا مرکز (CESE) ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کا حصہ ہے۔

CESE کا قیام نیو ساؤتھ ویلز میں تعلیم کو زیادہ مؤثر اور زیادہ فعال بنانے اور اس کے بہتر احتساب کیلئے کیا گیا ہے۔ CESE یہ معلوم کرے گا اور آگے بیان کرے گا کہ کیا کارآمد ہے، اور اس طرح تمام تعلیم میں تدریس اور سیکھنے کو بہتر بنانے کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔

CESE کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں: www.cese.nsw.gov.au

The Learning Bar کیا ہے؟

The Learning Bar کینیڈا کی تعلیمی کمپنی ہے جو پرائمری اور سیکنڈری دونوں سطح کے سکولوں کے سروے کرنے میں خصوصی مہارت رکھتی ہے۔ اس کا سروے *Tell Them From Me* کینیڈا میں سب سے بڑا نیشنل سکول سروے ہے جو کینیڈا کے دس میں سے نو صوبوں میں استعمال ہوتا ہے۔ 6,300 سے زیادہ سکولوں اور 54 لاکھ سے زیادہ طالبعلموں نے اس سروے میں حصہ لیا ہے۔ آسٹریلین سکول *Tell Them From Me* سروے میں 2012 سے حصہ لے رہے ہیں۔

The Learning Bar کے سربراہ Dr J Douglas Willms ہیں۔ Dr Willms انٹرنیشنل اکیڈمی آف ایجوکیشن کے صدر، یونائیٹڈ سٹیٹس اکیڈمی آف ایجوکیشن کے رکن اور رائل سوسائٹی آف کینیڈا کے فیلو ہیں۔ کچھ ہی عرصہ پہلے تک وہ 14 سال تک خواندگی اور انسانی ترقی میں صف اول کے کینیڈا ریسرچ چیئر تھے۔ Dr Willms نے OECD کے پروگرام فار انٹرنیشنل سٹوڈنٹ اسیسمنٹ (Programme for International Student Assessment – PISA) کیلئے سوالات کی تشکیل میں قائدانہ کردار ادا کیا ہے۔

The Learning Bar کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں: www.thelearningbar.com

اگر آپ ولادین کے سروے کے بارے میں کوئی سولا پوچھنا چاہیں تو براہ مہربانCESE ی سے اس ای میل پتے پر رابطہ کریں: TTFM@det.nsw.edu.au
یا اس فون نمبر پر: **1300 131 499**